ان کتابوں کو خرید کر ادارہ اس یونیورسٹی کی حوصلہ افزائی کریں ۔ تاکہ یہ سلسلہ وہ آئندہ بھی قائم رکھ سکے ۔ ورنہ مدعی بھی اگر سست ہوا تو گواہ کب تک چست رہے گا ۔

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیاسی زندگی از جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ تقطیع متوسط ضخامت ۴۰۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد پانچ روپے پتہ :۔ ادارہ اسلامیات انار کلی نمبر ۱۹۰ لاہور ۔ پاکستان ۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ ہمارے ملک کے بڑے مشہور اور بلند پایہ فاضل اسلامیات اور محقق مصنف ہیں جو اب ٹرکی میں جا کر بس گئے ہیں ۔ یہ کتاب موصوف کے ہی متعدد مطبوعہ مضامین کا مجموعہ ہے جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیغمبرانہ سیاست اور اس سیاست کے عملی نتائج و برکات کے مختلف پہلوؤں پر بڑے دل نشین انداز میں بحث کی گئی ہے اور اس زمانہ میں مختلف ملکوں کے جو سیاسی حالات تھے ان کا ذکر کرنے کے بعد بتایا گیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح اپنے پیغام کے ذریعہ ان میں ایک انقلاب عظیم پیدا کر دیا اور دنیا کو ایک ایسا منشور عطا فرمایا جو امن عامہ اور تکمیل انسانیت کی آخری دستاویز ہے ۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ مسلمانوں کے علاوہ علم سیاست کا ہر طالب علم اس کا بغور مطالعہ کرے ۔

بھگوت گیتا منظوم موسومہ بہ نسیم عرفان از جناب منشی بشیشور پرشاد منور لکھنوی تقطیع خورد ضخامت ۲۶۰ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت مجلد ہے ، پتہ :۔ آدرش کتاب گھر دہلی ۔

جناب منور لکھنوی اردو کے مشہور شاعر شیوا بیان ہیں ۔ نظم نگاری پر غیر معمولی قدرت حاصل ہے موصوف نے عرصہ ہوا ہندو مذہب کی مشہور روحانی اور فلسفیانہ کتاب بھگوت گیتا کا اردو میں کامیاب منظوم ترجمہ کیا تھا جو اسی زمانہ میں اہل ذوق اور ارباب نظر کے حلقوں میں بڑا مقبول ہوا تھا ۔ اب موصوف نے اسی کی نظر ثانی کے بعد بڑے اہتمام و انتظام سے دوبارہ شائع کیا ہے ۔ کسی زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا یوں بھی کارِ آسان نہیں ہے اور پھر ترجمہ بھی نظم میں اور وہ بھی بھگوت گیتا ایسی کتاب کا جو بہت دقیق روحانی فلسفہ کے اہم مباحث